ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (655)

07-12-2021

بہاول پور() سٹی ٹریفک پولیس کا گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی بہاول پور اور ضلع میں مختلف مقامات پر وقفہ وقفہ سے روڈیوزر اور ڈرائیور حضرات میں ٹریفک وسموگ سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے حوالے سے پروگرامز کے انعقاد کا سلسلہ جاری، مہذب شہری ہونے کے ناطے ہمیں ٹریفک قوانین کی پاسداری کرنی چاہیے، سموگ اور دھند کے موسم میں گاڑی چلاتے وقت تمام تر احتیاطی تدابیر اختیار کریں، سموگ کے دوران فیس ماسک اور گلاسز کا استعمال ضرور کریں، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایت پر سٹی ٹریفک پولیس کا ٹریفک قوانین اور سموگ سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔اس مہم کے تحت سٹی ٹریفک پولیس نے گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی کے بچوں کے علاوہ ضلع میں مختلف مقامات پر روڈیوزر اور ڈرائیوران کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی کے حوالے سے پروگرامز کا انعقاد جاری ہے۔ٹریفک ایجوکیشن یونٹ نے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ سفر کرتے وقت سموگ اور دھند کے دوران تمام تر احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں۔فیس ماسک اور گلاسز کا استعمال بھی یقینی بنائیں۔ہمیں ٹریفک سگنل وقوانین کی پاسداری کرنے چاہیے،موٹرسائیکل چلانے والے سائیڈ ویو مررز ضرور لگوائیں تاکہ پیچھے سے آنے والی ٹریفک کا پتہ چل سکے اور نہ صرف اپنی بلکہ آپ کے ساتھ بیٹھے ہوئے موٹرسائیکل پر دوسرے شخص کی جان کی بھی حفاظت ہوسکتی ہے۔موٹرسائیکل پر ہیلمٹ کا استعمال دونوں سواروں کیلئے ضروری ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار حادثے میں ہیڈ انجری سے بچا جا سکے۔ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کر کے قیمتی جانوں کو بچایا جاسکتا ہے۔دوران لیکچر ٹریفک ایجوکیشن یونٹ نے بچوں کے سوالوں کے جواب بھی دیئے۔ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے پیغام میں کہا کہ ٹریفک قوانین کی پاسداری مہذب قوموں کا شیوہ ہوتا ہے،روڈ ایکسیڈنٹ کی بڑی وجہ ٹریفک قوانین کی پابندی نہ کرنا اور لاعلمی ہے،دھند اور سموگ کے دوران تمام تر احتیاطی تدبیر اختیار کریں،غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ماسک کے استعمال کو یقینی بنائیں۔

بہاول پور: سٹی ٹریفک پولیس گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی کے بچوں میں ٹریفک آگاہی مہم کے تحت لیکچر دیتے ہوئے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((656

07-12-2021

بہاول پور() پولیس تھانہ صدر احمد پور شرقیہ کی مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائی، سرقہ بالجبر کے مقدمات میں ملوث کیٹگری A کے 02 مجرمان اشتہاری گرفتار، مزید انویسٹی گیشن جاری، مجرم اشتہاری کی گرفتاری میں تاخیر انصاف میں تاخیر کی واضح وجہ ہے، آزاد مجرمان اشتہاریوں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کے حوالے سے احکامات پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس بہاول پور نے مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، اس سلسلے میں پولیس تھانہ صدر احمد پور شرقیہ نے کارروائی کرتے ہوئے سرقہ بالجبر کے الگ الگ مقدمات میں ملوث کیٹگری A کے 02 مجرم اشتہاری منیر احمد عرف منی سنیارا اور غلام مصطفی کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار مجرم اشتہاری سے مزید انویسٹی گیشن جاری ہے۔ ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جتنے بھی مجرمان اشتہاری آزاد ہیں دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے سب کو گرفتار کیا جائے، عوام کو شر پسند عناصر کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ مقدمات میں ملوث مجرمان اشتہاریوں کے گرفتار ہونے سے مقدمات کو بروقت یکسو کرنے میں مدد حاصل ہوتی ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور: پولیس تھانہ صدر احمد پور شرقیہ کی مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائی، سرقہ بالجبر کے مقدمات میں ملوث کیٹگری A کے 02 مجرمان اشتہاری گرفتار۔